NATIONAL SENIOR CERTIFICATE EXAMINATION
NOVEMBER 2009

URDU FIRST ADDITIONAL LANGUAGE: PAPER I

Time: 2 hours | Marks: 80

PLEASE READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY

1. This paper consists of 10 pages.
2. Read the questions and follow all instructions.
3. Start each question on a new page.
4. All answers must be in URDU.
5. Strike out all rough work.
6. Your writing must be neat, clear and legible. Leave a line in between answers.
7. Answer Sections A, B and C.

IEB Copyright © 2009

SECTION A

QUESTION 1 COMPREHENSION

اس کہانی کو پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

فرحت کی جماعت میں ہر ہفتے ایک علمی مقابلہ ہوتا ہے، جس میں ایک لڑکی اپنی ہم جماعتوں سے سوال کرتی ہے اور باقی لڑکیاں سوچ کر اس کا جواب دیتی ہیں۔ اس مقابلے میں حصّہ لینے کے لیے بچّیاں ہفتہ بھر تیّاری کرتی رہتی ہیں۔ خاص طور پر جس لڑکی کی باری سوال کرنے کی ہوتی ہے، وہ اخباروں، رسالوں اور کتابوں کا خُوب مطالعہ کرتی ہے اور اچّھے اچّھے علمی سوال ڈھونڈ کر لاتی ہے۔ وُہ اپنے سوالوں کے جواب بھی اچّھی طرح یاد کر کے آتی ہے۔

آج فرحت کی باری تھی۔ وُہ سوال سوچ کر آئی تھی۔ علمی مقابلے کا وقت شرُوع ہُوا تو اُستانی صاحبہ نے فرحت کو اپنی میز کے پاس کُرسی پر بٹھا دیا۔ فرحت بولی: "میرا سوال انسان کے متعلق ہے۔ آپ سب جانتی ہیں کہ انسان کو اشرف المخلوقات کہا جاتا ہے۔ یعنی دُنیا میں جتنی چیزیں پیدا کی گئی ہیں، انسان ان سب میں اُونچا مرتبہ رکھتا ہے۔ بتائیے، انسان میں وہ کون سی خاص صفت ہے جو دُوسرے جانوروں میں نہیں؟"

شبانہ نے فوراً ہاتھ کھڑا کر دیا۔ اُستانی صاحبہ نے فرمایا "بتاؤ! شبانہ تُم نے کیا جواب سوچا ہے؟"

شبانہ: جناب جانوروں کے سینگ ہوتے ہیں، انسان کے سینگ نہیں ہوتے۔

یہ جواب سُن کر سب لڑکیاں کھلکھلا کر ہنس پڑیں۔ اُستانی صاحبہ بولیں: "بیٹی شبانہ! تُم نے اپنی بات پر غور نہیں کیا۔ سوال یہ تھا کہ انسان میں کون سی صفت ہے جو جانوروں میں نہیں۔ اور تُم نے یہ بتایا ہے کہ جانوروں کے سینگ ہیں جو انسان کے نہیں۔ یہ تو اُلٹا جواب ہُوا۔ اچّھی طرح سوچ کر جواب دینا چاہیے۔"

جواب دیجیے۔

۱۔ علمی مُقابلہ کیا ہے؟ (2)

۲. فرحت نے کیا سوال پوچھا تھا؟ (2)

۳. شبانہ نے کیا جواب دیا تھا؟ (2)

۴. اِن لفظوں کو اپنے جملوں میں اِستعمال کیجیے۔

۱. جماعت

۲. اخباروں

۳. سوچنا

۴. اِنسان (4)

۵. ذیل لفظوں کی اضداد لکھیے۔

۱. جواب

۲. ختم

۳. رونا

۴. اُونچا (2)

۶. علمی مقابلے کے بارے میں ایک چھوٹا مضمون لکھیے
(۸ - ۱۰ جملے)۔ (8)

[20]

QUESTION 2 PICTURE

تصویر



جواب دیجیے ۔

تصویر کو دیکھیے۔ اور...

(2) ۱. چار (۴) اِسم لکھیے ۔

۲. کہانی لکھیے: آپ یہ کہانی اِس طرح شُروع کر سکتے ہیں ۔

(8) اَمجو اپنی اسکول جاتا ہے ۔ ایک دِن ......

[10]

30 marks

IEB Copyright © 2009

SECTION B

QUESTION 1 SUMMARY

جائزہ

مضمون کو پڑھیئے اور اپنے الفاظ میں صرف دس (۱۰) لائن کا جائزہ لکھیئے۔ (۸۰ الفاظ)

ایک غریب آدمی تھا۔ اس کے گھر میں کھانے کے لیے جب کچھ نہ بچا تو اس نے سوچا کہ چلو پردیس چل کر کچھ کمایا جائے، اس نے گھر کا سامان بیچ کر ایک چادر میں دو جوڑی کپڑے رکھے اور چل دیا۔ آدمی تھا تو غریب مگر تھا بہت عقل مند۔ چلتے چلتے رات ہوگئی جنگل گھنا تھا مگر وہ ڈرا نہیں ہمّت کر کے آگے بڑھتا رہا۔ ابھی وہ جنگل کے اندر تھوڑی ہی دُور گیا تھا کہ ایک دھاڑ سُنائی دی اُس نے فوراً اپنے آپ کو ایک پیڑ پر چھپانا چاہا۔ مگر وہ حیرت میں تھا۔ یہ تو کالا کالا پہاڑ اس کی طرف بڑھتا چلا آرہا تھا۔ اس پہاڑ کے سر پر دو سینگ تھے اس کے دانت باہر نکلے ہوئے تھے۔ اُسے دیکھ کر اُس آدمی کی عقل چکرانے لگی وہ سوچنے لگا کہ اپنی جان کیسے بچائے۔ وہ ڈرنے لگا لیکن فوراً ہی اسے یہ خیال آیا کہ پرانے لوگ صحیح کہتے تھے کہ "عقل مند وہ ہے جو مصیبت کے وقت نہ گھبرائے اور سوجھ بوجھ سے کام لے"۔ اس خیال نے اس کی ہمّت بڑھائی اور اُس نے زور سے للکار کہا ٹھہر جا! وہیں رکو!

10 marks

SECTION C

QUESTION 1 LANGUAGE

ذیل کہانی کو پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

"ایک بہن کو اپنے بھائی سے بہت محبت تھی۔ وہ بہت بہادر بھی تھی۔ اس کا بھائی بھی بہت بہادر تھا۔ ایک دفعہ اس کا بھائی اسلام کی خاطر ایک جنگ میں لڑ رہا تھا۔ لڑتے لڑتے اس کا نیزہ ٹوٹ گیا۔ دشمن کے سپاہیوں نے اس کو پکڑ لیا اور اپنے ساتھ لے گئے۔ بہن کو پتا چلا تو وہ بہت بے چین ہوئی۔ فوراً مَردانہ لباس پہن لیا۔ ہتھیار لیے۔ مُنہ ڈھانکا تاکہ کوئی پہچان نہ سکے اور دشمن پر زبردست حملہ کر دیا۔ بہت سے سپاہیوں کو جان سے مار ڈالا۔ اس اچانک حملے سے دشمن گھبرا کر بھاگ نکلا۔ مگر اس کا بھائی پھر بھی اُسے نہ مِل سکا۔ اُس کے بھائی کو دشمنوں نے چُپکے سے کچھ سپاہیوں کے ساتھ اپنے ملک کی طرف روانہ کر دیا تھا۔ بہن کو دشمن کی چالاکی کا پتا چل گیا۔ اس نے مسلمانوں کے لشکر کے ساتھ مِل کر دوبارہ دشمن پر حملہ کر دیا۔ وہ اتنی بہادری سے لڑی کہ دشمن ڈر گیا۔ اس نے سوچا کہ اگر اس قیدی کو آزاد نہ کریں گے تو ہم سب مارے جائیں گے۔ دشمن نے فوراً اس قیدی کو چھوڑ دیا۔

۱۔ واحد سے جمع میں لکھیے۔

۱۔ بہن

۲۔ دُکان

۳۔ دُشمن

۴۔ قیدی

(2)

IEB Copyright © 2009

۲. کا۔ کی۔ کو اور کے استعمال کیجیے۔

۱. قیدی ___ آزاد نہ کریں۔
۲. بہن ___ اپنے بھائی سے محبت۔
۳. مگر اس ___ بھائی اُسے نہ مل سکا۔
۴. لڑتے لڑتے اُس ___ نیزہ ٹوٹ گیا۔

4 × ½
(2)

۳. ذیل جُملوں کے سوال لکھیے۔

۱. لڑکی بہت بہادُر تھی۔
۲. دُشمن اچھی چیز نہیں ہے۔
۳. بہن نے مردانا لباس پہن لیا تھا۔
۴. بہت سے سپاہیوں کو جان سے مار ڈالا۔

4 × ½
(2)

۴. اردو سے انگریزی میں ترجمہ لکھیے۔

حضرت عمرؓ - بہن، اگر تم میرے آرام کو پوچھتی ہو تو مجھے اس وقت آرام ملے گا جب میں ان بچّوں کو اپنے سامنے روٹی کھاتے دیکھوں گا۔ کیا تم مجھے اس خوشی سے محروم رکھنا چاہتی ہو؟

بیوہ - توبہ توبہ، آپ کیسی بات کرتے ہیں۔ میرا مقصد زبردستی آپ کو رخصت کرنا نہیں مجھے تو آپ کی تکلیف کا خیال تھا۔

حضرت عمرؓ - تو پھر ذرا جلدی جلدی روٹی پکاؤ میں تمھارے بچّوں کو بیدار کرتا ہوں
(حضرت عمرؓ بچّوں کو بڑی شفقت سے جگاتے ہیں، بیوہ اور بچّوں کو اپنے سامنے کھانا کھلاتے ہیں اور پھر رخصت ہوتے ہوئے کہتے ہیں
"تم کل عمر کے پاس جانا، وہ بیت المال سے تمھاری مدد کرے گا اور انشاء اللہ تمھارا افلاس دور ہو جائے گا۔"

بیوہ - حضرت کہیں آپ۔ آپ ہی تو امیرالمؤمنین عمر نہیں؟

حضرت عمرؓ - ہاں، میں عمر ہی ہوں۔

بیوہ - امیرالمؤمنین یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ آپ کے مبارک قدم اس غریب خانے میں آئے۔ میں کس زبان سے آپ کا شکریہ ادا کروں۔ آپ کس قدر مہربان حکمران ہیں!

(10)

(16)

QUESTION 2 PICTURE

تصویر

سوال: تصویر کو دیکھیے اور اپنے الفاظ میں ایک چھوٹا مضمون لکھیے۔

(6)

QUESTION 3 WORD SEARCH

الفاظ کی تلاش ۔

آٹھ (۸) الفاظ کی تلاش کیجیے اور لکھیے۔ مثلاً: ق ا ل م : قلم

ٹ	ر	و	ش	ق	ب	س
ھ	ز	خ	ت	ب	ح	م
ن	ف	م	ل	ق	ث	و
ڈ	ل	د	ا	ت	س	ا
ي	ض	د	ت	ل	و	د
ظ	ي	ر	ا	م	ي	ب

8 × ½
(4)

IEB Copyright © 2009

QUESTION 4 INVITATION

دعوت نامہ

بتاریخ: ۱۰ مارچ ۲۰۱۰

دعوت نامہ کو غور سے دیکھیے اور اپنے الفاظ میں ایک مضمون لکھیے۔ (۶ - ۸ جملے).

(6)

QUESTION 5 ADVERTISEMENT

اشتہار

· HOUSE FOR SALE ·



گھر کا مالک : احمد فاروق خان

فون نمبر : 031 : 4682674 · Cell : 0837861212

گھر کی قیمت : R3 million

جگہ : دربن

اشتہار کیا پیغام دے رہا ہے۔

اپنے الفاظ میں ایک مضمون لکھیے۔ (۸-۱۰ لائن)۔

(8)

40 marks

Total: 80 marks

IEB Copyright © 2009